Islamiat - 10th Class Islamiat Chapter 3 Online Test Short Questions Preparation

Q1. خواتین کا معاشرے میں کیا کردار ہے.

Ans 1: خواتین خاندان معاشرے کا اہم ترین اور اساسی رکن ہیں.

Q2. اسلامی تعلیمات کی روشنی میں ہم پر کیا بات واضح ہوتی ہے.

Ans 1: اسلامی تعلیمات کی روشنی میں یہ بات واضح ہوتی ہے کہ ہم خواتین کا احترام کریں. خواتین پر آوازیں کسنے گھور کر دیکھنے ان کا مذاق اڑانے ، خواتین کے تعلیمی اداروں کے باہر رش لگانے اور راستوں میں بیٹھنے سے اجتناب کریں.

Q3. صلہ رحمی کے دو فائدے تحریر کریں.

Ans 1: 1- صلہ رحمی سے افراد میں باہمی محبت پیدا ہوتی ہے. 2- صلہ رحمی سے خاندانی نظام مستحکم ہوتاہے.

Q4. نبی کریم خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم اپنی رضاعی والدہ حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ تعالی عنہما کے ساتھ کیسا برتاؤ کرتے.

Ans 1: نبی کریم خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم کی رضاعی والدہ حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ تعالی عنہما آپ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلمکے پاس آئیں تو آپ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے احترام میں اپنی چادر بچھائی اور بہت دیر تک ان کے ساتھ گفت گو فرماتے رہے.

Q5. کون سے غزوہ میں مسلمانوں کو بغیر لڑائی کے فتح حاصل ہوئی.

Ans 1: غزوہ تبوک میں مسلمانوں کو بغیر لڑائی فتح حاصل ہوئی.

Q6. نبی کریم خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم کے انداز تربیت کے نمایاں اوصاف کیا ہیں.

Ans 1: نبی کریم خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم کے انداز تربیت کے نمایاں ترین اوصاف حکمت اور بصیرت ہیں.

Q7. نبی کریم خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم نے ہدایت اور راہ نمائی کے لیے کن دو چیزوں کو مضبوطی سے پکڑنے کا حکم دیا.

Ans 1: آپ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا. میں تمہارے درمیان ایسی دو چیزیں چھوڑ کر جارہا ہوں کہ اگر تم انہیں مضبوطی سے پکڑے رکھو گے تو کبھی گمراہ نہیں ہوگے وہ اللہ تعالی کی کتاب اور میری سنت ہے.

Q8. نبی کریم خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم نے کن لوگوں کے لے جنگ میں شرکت لازمی قرار دی.

Ans 1: نبی کریم خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم نے اس مہم میں ہر اس شخص کی شرکت لازمی قرار دی جو صحت مند ہو اور اس کے پاس سواری کا جانور موجود ہو.

Q9. نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو کس نے قبر مبارک میں اتارا.

Ans 1: نبی کریم خاتم النبن صلی اللہ علیہ وسلم کو قبر مبارک میں اتارنے کا شرف حضرت علی ، حضرت عباس، حضرت قم بن عباس اور حضرت فضل بن عباس رضی اللہ تعالی عنھم کو حاصل ہوا.

Q10. نبی کریم خاتم النبین صلی اللہ علیہ ہونے پر وسلم نے زوالخلیف کے مقام پر صبح ہونے پر کیا ارشاد فرمایا.

Ans 1: نبی کریم خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آج رات میرے رب کی طرف سے ایک آنے والا آیا اس نے کہا اس "اس مبارک وادی" میں نماز پڑھو اور کہو عمرو حج میں شامل ہے.